سوال

(316) کیا امام کی آواز سنائی دینے کی صورت میں نماز گھر پر ادا کرنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

اگر امام کی آواز سنائی دیتی ہو تو کیا مسلمان کے لیے اپنے گھر میں نماز جمعہ ادا کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نماز جمعہ مسلمانوں کے ساتھ شامل ہو کر مسجد ہی میں ادا کرنا جائز ہے۔ اگر مسجد بھر جائے اور صفیں سڑکوں پر بھی بنا لی جائیں تو ضرورت کی وجہ سے ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن گھر یا اپنی دکان میں نماز جمعہ ادا کرنا ہرگز جائز اور حلال نہیں کیونکہ جمعہ و جماعت سے مقصود مسلمانوں کی آپس میں باہمی ملاقات بھی ہے تاکہ وہ سب ایک امت بن جائیں، ان میں الفت و محبت پیدا ہو، جاہل عالم سے سیکھے، اب اگر ہم ہر شخص کے لیے دروازہ آسانی کا دروازہ کھول دیں اور کہیں کہ تم ریڈیو سے سن کر نماز پڑھ لیا کرو اور تم اسپیکر کی آواز سن کر اپنے گھر میں نماز ادا کر لیا کرو، تو پھر مسجدوں کے بنانے اور ان میں نمازیوں کے حاضر ہونے کا کوئی فائدہ نہیں۔ اگر آج اس بات کی رخصت دے کر یہ نیا کھول دیا جائے، تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ جمعہ و جماعت کو ترک کرنے لگیں گے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 322

محدث فتویٰ